پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون:۲۴۱۹۸۰۰۰ ایکسٹنشن:۸۸۲۲

فیکس: ۸۶۲۹ / ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۹۱۔۱۱) انٹرنیٹ : http://newdelhi.usembassy.gov

شعبۂ امور عامہ
سفارتخانہ امریکا

امریکی سفارتخانہ کا بیان

یوگا آسنوں پر امریکی پیٹنٹ نہیں

نئی دلی 7 جون 2007:

امریکی سفارتخانہ نے آج درج ذیل بیان جاری کیا ہے:

''حکومت امریکہ نے جاری کئے گئے تمام پیٹنٹ کی جانچ کی ہے' اس میں یوگا پر کوئی امریکی پیٹنٹ نہیں پایا گیا ہے۔ میڈیا کی حالیہ رپورٹیں' جن میں ایسے پیٹنٹ کی موجودگی کے الزامات لگائے گئے ہیں' درست نہیں ہیں۔ اگرچہ امریکی حکومت یوگا پر کسی امریکی پیٹنٹ سے واقف نہیں ہے' امریکی محکمہ برائے پیٹنٹ وٹریڈ مارک نے یوگا میں استعمال ہونے والے کچھ نئے وغیر واضح آلات کے لئے پیٹنٹ جاری کیا ہے لیکن یہ پیٹنٹ کسی یوگا آسن میں شامل نہیں ہوں گے۔ یہ اطلاع کامرس وصنعتوں کی ہندوستانی وزارت کو دے دی گئی ہے۔''

☆☆☆☆☆